
اولیا | عابد | آبِ شیریں | آبِ بقا



# تصویرِ کشمیر

اولیاؤں عارفوں کی سر زمین
عالموں اور عابدُوں کی سر زمین
یہ ادیبوں شاعروں کی سر زمین
مندروں اور مسجدوں کی سر زمین
ہاں اسی جنت کی یہ تصویر ہے
نام جِس کا جنّتِ کشمیر ہے
دِلفریبی باغِ شالیمار کی
اور نشاط باغ کی وہ دِل کشی

آبشاروں کی وہ بجتی بنسری
منظرِ قدرت کی وہ جادو گری

ہاں اسی جنت کی یہ تصویر ہے
نام جس کا گُلشنِ کشمیر ہے

دیکھیے گُلمرگ کی کیا شان ہے
چشمِ گردوں دیکھ کر حیران ہے
وادیٔ کشمیر کی وہ جان ہے
اِک سراپا حُسن وہ میدان ہے

ہاں اسی جنت کی یہ تصویر ہے
نام جس کا گُلشنِ کشمیر ہے

ہاں چناروں کی وہ شانِ دل رُبا
اور وہ سر و صنوبر کی فضا
جھیل ڈل کے ہیں کنول خوش نُما
کشتیوں کا بھی نظارہ ہے جُدا

ہاں اسی جنت کی یہ تصویر ہے
نام جِس کا گُلشنِ کشمیر ہے

نشاط کشتواڑی







## ۱. پڑھیے اور سمجھیے

| | | |
|---|---|---|
| اولیاء | : | ولی کی جمع بمعنی دوست |
| عارف | : | پہچاننے والا ۔ خُدا شناس |
| عابد | : | عبادت کرنے والا |
| گلشن | : | باغ |
| سراپا | : | سر سے پاؤں تک |
| دل رُبا | : | دلبر ۔ معشوق |
| ڈل | : | کشمیر کی مشہور جھیل کا نام |
| چشمِ گردوں | : | زمانے کی آنکھ ۔ زمانہ |

## ۲. سوچیے اور بتایئے

☆ نظم کے پہلے بند میں شاعر نے کشمیر کو کس کی سرزمین کہا ہے؟

☆ شاعر کیوں کہتا ہے کہ گُلمرگ کشمیر کی جان ہے؟

☆ جھیل ڈل میں کون سے خوشنما نظارے پائے جاتے ہیں؟

☆ تصویرِ کشمیر کس شاعر کی تخلیق ہے؟

☆ نظم کے آخری بند کو نثر میں لکھیے







## ۳. نوٹ بک میں لکھیے

کشمیر ایک خوب صورت وادی ہے ، لوگ اسے دُنیا کی جنت کہتے ہیں ۔ یہاں پر بڑے بڑے اولیا ، عابد اور عارف پیدا ہوئے ہیں ۔ یہ ادیبوں اور شاعروں کی سرزمین ہے ۔ یہاں پر ہر مذہب کے ماننے والے لوگ رہتے ہیں ۔ کشمیر کے چشموں کا پانی میٹھا ہے ۔ کوکرناگ ، چشمہ شاہی ، شالیمار ، نشاط ، اور گلمرگ یہاں کے خوب صورت صحت افزا مقامات ہیں ۔

## ۴. مثال دیکھ کر خالی جگہیں پُر کیجیے

| | |
|---|---|
| ☆ کشمیر عارفوں کی سرزمین ہے ۔ | ( عارف ) |
| ☆ کشمیر................ کی سرزمین ہے ۔ | ( عابد ) |
| ☆ کشمیر.......... کی سرزمین ہے ۔ | ( عالم ) |
| ☆ کشمیر................ کی سرزمین ہے ۔ | ( شاعر ) |
| ☆ کشمیر.......... کی سرزمین ہے ۔ | ( آبشار ) |
| ☆ کشمیر................ کی سرزمین ہے ۔ | ( چنار ) |

## ۵. نیچے دیے گئے مقامات کے متعلق پانچ جملے لکھیے

شالیمار باغ ۔ نشاط باغ ۔ گل مرگ

## ٦. آرٹ ورک

کشمیر کے کسی بھی باغ کی تصویر اپنی نوٹ بک میں بنائیے